ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (291)

مورخہ 23/05/2023

**بہاولپور (          ) پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں متعدد ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں منشیات،شراب و ناجائز اسلحہ برآمد۔ناجائز اسلحہ کے ذریعے دہشت پھیلانے والوں اور منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کا محاصرہ جاری رہے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ،مسافر خانہ،سٹی احمد پور شرقیہ اور خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 04ملزمان محمد ندیم،محمد سہیل،محمد اسماعیل اور مراد سیال کو گرفتار کر کے قبضہ سے 220لیٹر دیسی شراب ولہن 150 لیٹر معہ 01 چالو بھٹی برآمد کر لی۔تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 02ملزمان بہادر علی اور ناصر خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01عدد رائفل 44mm اور 01عدد بندوق 12 بور برآمد کر لی۔تھانہ کوتوالی پولیس نے قمار بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 01ملزم محمد شہزاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داپر لگی رقم برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ صدر احمد پور شرقیہ اور چنی گوٹھ پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے پر 02ملزمان عبدالرحمان اور محمد عاصم کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے،ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناونے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاون کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تا کہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بھاولپور پولیس شب و روز مصروف عمل ہے۔ناجائز اسلحہ کے ذریعے دہشت پھیلانے والوں اور منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کا محاصرہ جاری رہے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن،گزشتہ روز مختلف مقدمات میں منشیات،شراب و ناجائز اسلحہ سمیت متعدد ملزمان گرفتار